# دعاء المسلم

(Dua-e-Muslim)

از

ابوالعزم

| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | دعاء المسلم |
| مؤلف | : | ابوالعزم |
| تاریخ اشاعت | : | 12/مارچ 2004 |
| صفحات | : | 42 |

نیو کریسنٹ پبلشنگ کمپنی

2035, Qasim Jan Street, Balli Maram,
Delhi - 6 Ph: 3262545

# دُعاءُ المُسلِم

(Dua-e-Muslim)

از

ابوالعزم

بسم الله الرحمن الرحيم

# دُعَاء المُسلِم

الحمد لله رب العالمين والصلوٰة والسلام علىٰ خاتم النبيين وعلي آله واهله اجمعين ☆

انسان اپنی حیات کی ابتداء سے لے کر موت اور موت کے بعد کی زندگی خالق کائنات اور رب السماوات والارض کے رحم وکرم وعنایت کا محتاج ہے۔

قرآن، حدیث، اور سنت نبوی ﷺ سے یہ ثابت ہے کہ مجبوری، مسائل، مصائب اور عجز، دکھ، درد اور مرض میں اللہ تعالیٰ کی مدد کے لئے قلب کی گہرائیوں سے بندۂ مؤمن دعائیں کرے۔

دعاؤں سے مصائب، مشکلات اور دردناک حالات کا مقابلہ کرنے کے لئے روحانی قوت اور ہمت پیدا ہوتی ہے۔ صبر، شکر اور توکل جیسی صفات پیدا ہوتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہی واحد مشکل کشا ہے۔ اس کی مرضی پر ہے کہ مشکلات آسان کرے، اِن کے حل کے لئے نئے راستے کھول دے یا پھر مسلمان کو ایمان کی پختگی، استقامت اور استقلال کے لئے مختصر یا سخت امتحان سے گذارے۔ ہر

حال میں اللہ سے دعائیں کرنا ایمان کا لازمی جز ہے۔

حضرت امام ابن تیمیہؒ کی ترتیب شدہ جامع دعاء آج بھی سب سے زیادہ پڑھی جانے والی معروف و مشہور دعاء ہے۔ مسنون اور افضل دعاء وہ ہے جو عربی میں ہو۔ لیکن عامۃ المسلمین اور غیر عربی داں حضرات کے لئے عربی میں طویل دعائیں یاد رکھنے اور صحت کے ساتھ پڑھنے میں دقّت ہوتی ہے۔ اجتماعاتِ عام، مجالس اور مجموعے (جو غیر عرب ہوں) طویل عربی دعاؤں سے چند لمحوں میں اکتاہٹ کا شکار ہو جاتے ہیں۔ یا۔ لاشعوری طور پر صرف آمین بالجہر پر اکتفاء کرتے ہیں۔ دعاؤں میں رقت اور تڑپ سے اس وقت اضافہ ہوتا ہے جب وہ شعور کے ساتھ

سمجھتے ہوئے پڑھے۔

مسلمانوں کے انفرادی اور اجتماعی مسائل ومصائب وضروریات اور عصر حاضر کے تقاضوں کے مطابق ایک دعاء "دعاء المسلم" ترتیب دی گئی ہے۔

انسانو! تم سب اللہ کے محتاج ہو' اللہ ہی ہے جو غنی اور بے نیاز اور اچھی صفات والا ہے۔ (سورہ الفاطر ۱۵)

دعاء سچی توبہ کے ساتھ چھوٹی بڑی ضروریات' مشکلات' مصائب حیات کے علاوہ اپنی ذاتی اصلاح اور آخرت کی فلاح کے لئے پورے شعور' ڈر' خوف اور خشیتِ الٰہی وجذبہ اطاعت اللہ کے ساتھ مانگی جائے۔

قرآن کریم نے دعاء کی تعلیم اس تلقین کے ساتھ دی ہے کہ وہ دنیا کی فانی زندگی کے اسباب ولوازمات سے بڑھکر راہِ راست اور راہِ حق کی جستجو کے لئے مانگے۔ ناجائز مقاصد ونقصان دہ باتوں اور گناہ کے کاموں کے لئے اللہ تعالیٰ کے سامنے ہاتھ اٹھانا گستاخی وبے ادبی ہے۔ غفلت، لاپرواہی اور بے دلی کے ساتھ زبان سے ورد کرنا اللہ کے پاس قابل گرفت اور فضول ہے۔ حدیث شریف میں ہے خدا ایسی دعاء قبول نہیں کرتا جو غافل اور بے پرواہ دل سے نکلی ہو۔ (ترمذی)

تنگی وفراخی، دکھ سکھ، رنج وراحت، آرام ومصیبت ہر حال میں یقین کامل اور خلوص کے ساتھ دعاء مانگی

جائے۔

اللہ تعالٰی اور رسول اکرم ﷺ کے ہر حکم کو قبول کرے اور ہر حال میں اطاعت کرے۔ اپنے حسن عمل پر غرّہ نہ کرے، اور گڑگڑا کر عفو و درگذر کی درخواست کرے تو ان شاء اللہ دعاؤں کو شرفِ قبولیت ضرور حاصل ہوگی۔

یہ دعائیں کسی بھی وقت پڑھی جاسکتی ہیں۔ اس کے لئے کوئی مخصوص وقت اور مقام نہیں ہے۔

اللہ سے ہماری دعاء ہے کہ کمالِ ہدایت اور حضور اکرم ﷺ کی اطاعت اور مکمل پیروی کی توفیق

عنایت فرمائے۔ آمین۔

وماعلینا الاّ البلاغ ....

والسلام

فقیر الی اللہ

ابوالعزم

12-03-2004

یوم الجمعہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدَانَا لِهٰذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْ لَا اَنْ هَدَانَا اللّٰهُ☆ صَدَقَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْمُتَوَحِّدُ فِي الْجَلَالِ بِكَمَالِ الْجَمَالِ تَعْظِيْمًا وَّتَكْبِيْرًا☆

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ وَنَسْتَغْفِرُكَ وَنُؤْمِنُ بِكَ وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْكَ وَنُثْنِيْ عَلَيْكَ الْخَيْرَ وَنَشْكُرُ وَلَا نَكْفُرُ اَللّٰهُمَّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَنُصَلِّيْ وَنَسْجُدُ وَاِلَيْكَ نَسْعٰى وَنَرْجُوْ رَحْمَتَكَ وَنَخْشٰى عَذَابَكَ الْجِدَّ وَنَرْجُوْا رَحْمَتَكَ اِنَّ عَذَابَكَ الْجِدَّ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ☆

اے اللہ تیرے بندے تجھ پر ایمان لاتے ہیں' تیری ہی عبادت کرتے ہیں' ہم تجھ سے معافی مانگتے ہیں' ہم تیرے غضب اور عذاب سے ڈرتے ہیں' ہم تیری تعریف کرتے ہیں' شکر گزاری کرتے ہیں' ناشکری نہیں کرتے ہیں' فرمانبرداری کرتے ہیں۔

## نبی کریم ﷺ پر درود اور اتباع رسولؐ کے لئے دعاء:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی سَیِّدِنَا اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا اِبْرَاھِیْمَ وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی

سَیِّدِنَا اِبْرَاهِیْمَ ☆

صَدَقَ رَسُوْلُـهٗ صَلَّ اللّٰـهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ
تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا الَّذِیْ اَرْسَلَهٗ اِلٰی جَمِیْعِ الثَّقْلَیْنِ
الْجِنِّ وَالْاِنْسِ بَشِیْرًا وَّنَذِیْرًا وَدَاعِیًا اِلَی اللّٰهِ
بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِیْرًا ☆

اے اللہ ہمیں نبی کریم ﷺ سے محبت کرنے والا بنا • آپ کی سنتوں پر چلنے اور سنتوں کو پھیلانے والا بنا دے• رسول ﷺ کی مکی و مدنی زندگی کا پیکر بنا دے• سنتوں کی برکتوں سے مالا مال کر دے •سنتوں سے بھرپور انقلاب برپا کر دے• لاکھوں درود وسلام نبی رحمت محمد مصطفیٰ ﷺ پر•

آپ کے خلیفہ وصحابہؓ پر اور اہل وعیال پر۔

## قرآن کریم کی پیروی کے لئے دعاء:

اے اللہ قرآن سے ہمارا رشتہ مضبوط کردے‘ قرآن پڑھنے سمجھنے کی توفیق عنایت فرما۔ قرآن سے ہمارے دلوں کو منور کردے۔ قرآن سے امراضِ روح ونفس کا علاج کردے ۔ رات ودن قرآن کی تلاوت‘ درس وتدریس کی توفیق عنایت فرما۔ اے اللہ ایسا قرآن سکھادے اور سمجھادے حفظ کرادے جس سے تو راضی ہو جائے۔

اے اللہ قرآن کو ہمارے لئے اِمَـامًـا شَـافِعًا وَّمُشَـفِّعًا بنادے۔ اے اللہ قرآن کا فہم دے، شعور دے، قرآن کی فکر دے۔ قرآنی فکر کو زندگیوں پر اور مسلم سماج پر غالب کردے۔

اے اللہ ہمارے کبیرہ و صغیرہ گناہوں کو ٹھنڈے پانی "ثَلْج" سے دھودے۔

## نجی دعائیں:

اے اللہ ہم سے کوئی ایسا کام نہ ہونے دے جس سے تو ناراض ہوجائے۔

دنیامیں ہر برائی ہر گناہ ہر حرام سے بچادے۔

اے اللہ ہمیں ضلالت سے بچا کر ہدایت دے۔
"اَللّٰھُمَّ اھْدِنَا بِہٖ مِنَ الضَّلَالَةِ" ہمارے برے اعمال
اور گناہوں کے حساب سے قیامت کے دن بچالے۔
"وَقِنَا بِہٖ سُوْٓءَ الْحِسَابِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ"۔

اے اللہ! ہمیں دین و دنیا میں عافیت عنایت فرما
"اَللّٰھُمَّ عَافِنَا فِیْ الدُّنْیَا وَالدِّیْنِ"

اے اللہ دنیا میں ہمارا ذکر جمیل فرمادے اور آخرت
میں اجراً جزیلا عنایت فرمادے۔ اے اللہ! ہمیں خیر
صالح اور نیکی کا اہل بنا۔ اس کی حفاظت کرنے والا بنا۔

حلال کو حلال اور حرام کو حرام قائم کرنے والا بنا دے۔

اے اللہ ہم تیری نعمت کے زوال اور خیر و عافیت
کے رک جانے و پلٹ جانے سے پناہ مانگتے ہیں۔ مفید
کار آمد خیر کی چیزوں اور باتوں کو ہمارے لئے جاری رکھ۔

اے اللہ! ہم پناہ مانگتے ہیں قرض کے بوجھ سے

اور دشمنوں کے غلبے سے "غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَغَلَبَةِ
الْعَدُوِّ"

اور پناہ مانگتے ہیں دشمنوں کی چالوں سے
"شَمَاتَةِ الْأَعْدَاءِ"۔

اے اللہ! ہماری خطاؤں کو ہماری جہالت اور ہماری

بداعمالیوں پر مغفرت فرمادے۔ "اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا خَطَايَانَا وَاِسْرَافَنَا فِيْ اَمْرِنَا"

اے اللہ! آپ ہی مقدم اور آپ ہی موخر ہیں "اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ" آپ تمام چیزوں پر قدرت رکھتے ہیں "وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ"۔

اے اللہ! ہمارے قلوب کی اصلاح فرمادے " اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ قُلُوْبَنَا" ہمارے عیبوں کی پردہ پوشی فرمادے "اُسْتُرْ عُيُوْبَنَا"

نیکیوں کی توفیق دے "وَتَوَلَّنَا بِالْحُسْنٰى"

تقویٰ میں اضافہ فرمادے "وَزَیِّنَّا بِالتَّقْوٰی"

ابتداء سے انتہاء تک ہمارے لئے خیر جمع کردے
"اِجْمَعْ لَنَا خَیْرَ الآخِرَةِ وَالْاُوْلٰی"

تیرے اطاعت کی توفیق عنایت فرما
"وارْزُقْنَا طَاعَتَکَ"۔

اے اللہ! ہمارے لئے سہل اور آسانی کردے۔
ہمیں تنگی سے نجات دے۔

"اَللّٰھُمَّ یَسِّرْ نَا لِلْیُسْرٰی وَجَنِّبْنَا الْعُسْرٰی"

ہمیں ہمارے نفسوں کی شرارتوں سے ہمارے
برے اعمال سے بچادے "وَاَعِذْنَا مِنْ شُرُوْرِ مَا

اَبْقَیْتَنَا اَنْفُسَنَا وَسَیِّاٰتِ اَعْمَالِنَا" •

ہمیں عذاب النار و عذاب القبر سے نجات دے•

"وَاَعِذْنَا مِنْ عَذَابِ النَّارِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ" •

اے اللہ! شرک سے بچا' ایمان کی کمزوری سے بچا' جھوٹ و غرور سے بچا' خودستائی سے بچا' بخل و حسد سے بچا' فضول خرچی و اسراف سے بچا' سماجی برائیوں سے بچا' وعدہ خلافی و خیانت سے بچا' بدگمانی و غیبت سے بچا' چغلخوری سے بچا' حرام و مکروہات و منہیات سے بچا' منکر سے بچا' فسق و فجور سے بچا' شیطان کے شر سے بچا' ابلیس کی ہر چال و جال سے بچا' لوگوں کی حق تلفی اور بے رحمی اور قطع تعلق سے بچا•

"یَا رَبَّ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ !"

ہمیں اعتدال دے، مشکلات برداشت کرنے کی توفیق عنایت فرما، صبر دے، استقامت دے، حلم وتدبّر دے، فہم وفراست دے، گویائی دے، قلب سلیم وقلب منیب عنایت کر، توکل وشجاعت دے، بہادری دے، تواضع دے، خودداری دے، وقار دے، معیار دے۔

## خواتین کے لئے دعاء:

اے ستار وغفار ورب العالمین!

ہماری عورتوں کو لڑکیوں، ماؤں بہنوں کو حیاء دے،

عصمت دے، ستر اور نگاہوں کی حفاظت کرنے کی توفیق
دے۔ نامحرم لڑکوں، مردوں، اور رشتوں سے دور رکھ، برقعہ
وحجاب کی توفیق دے، حجاب کو عام کرنے اور اس کے
احترام واکرام کرنے کی توفیق عنایت فرما۔ جو مائیں اور
بہنیں مسائل کا شکار ہیں ان کے لئے راستہ آسان کر
دے۔

لڑکیوں، بیٹیوں کے لئے مناسب رشتہ دلا دے،
مطلقہ وبیواؤں کے نکاح میں آسانی کردے، شوہروں،
ووالدین کو کفالت اور شفقت محبت سے پرورش کرنے کی
توفیق دے۔ نوجوان لڑکیوں کو فتنے واخلاقی فساد کا ذریعہ
نہ بنا۔ بہو، ساس ونند کے رشتوں کے فتنے سے تمام

خواتینِ اسلام کو محفوظ رکھ • ہر ایک کے جائز حقوق کو دلا
دے• خاندانی، قانونی جھگڑوں سے نجات دے•

رشتوں کی عزت و اکرام کی توفیق دے• جو بہنیں
اور خواتین شوہروں کے سسرالی مظالم سے پریشان
ہیں انہیں نجات دے• جو بہوؤں اور بیٹیوں سے ساسیں
اور مائیں پریشان ہیں ان بہوؤں اور بیٹیوں کی اصلاح
فرمادے اور ان کو نیک توفیق عنایت فرمادے•

جو خواتین کو روزگار کا کوئی ذریعہ نہیں انہیں
روزگار عنایت فرما• اپنے ایمان وعزت وحیاء وشرم
وحجاب کی حفاظت کی توفیق دے• ماؤں کو بچوں
کی اسلامی تعلیم وتربیت کی توفیق دے• جن بہنوں نے

لغزشیں وکوتاہیاں ہوئی ہوں انہیں معاف کردے۔ ہماری ماؤں، بہنوں، بیٹیوں کو "امہات المؤمنین" اور صحابیات کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق دے۔

## نوجوانوں کے لئے دعاء:

اے اللہ! مسلمان لڑکے لڑکیوں کی اصلاح فرما دے۔ انہیں گمراہی اور گناہوں سے بچا دے۔ بد اخلاقیوں اور بے حیائی وفحش سے بچا، فسق وفجور سے بچا دے، فلمی وجنسی فساد سے بچا دے، ڈرگس، شراب، جوئے اور ڈانس ڈسکو وڈانڈیا سے بچا۔

ناجائز آنکھوں کی، ذہنی اور نفسانی تفریحوں سے بچا

• عیاشی، مستی اور نوجوانی کے تمام فتنوں اور برائیوں سے محفوظ رکھ• زندگیوں میں سادگی پیدا کر دے• فیشن پرستی سے آزاد کر دے•

علم و تعلیم سے نواز دے• ہمارے لڑکے اور لڑکیوں کو ملت کا تعلیم یافتہ اثاثہ بنا دے• انھیں دین و دنیا کا اسکالر بنا دے• انہیں مستقبل کا امام، قائد اور پلانر بنا دے• انہیں جستجو و محنت کی توفیق دے• حالات کا مقابلہ کرنے اور اعدائے اسلام پر انھیں غلبہ دے•

انہیں خودداری دے، غیرت دے، حمیت دے• نوجوانوں میں ایسی خودداری دے کہ وہ دوسروں کے رحم و کرم پر نہ پڑے رہیں• انھیں والدین کی خدمت کی توفیق

دے• اپنے اہل وعیال کی پرورش کرنے کے قابل بنا• عورتوں اور بیویوں کی آمدنیوں پر پلنے والا نہ بنا• مسلم نوجوانوں کومردمومن بنادے• مسلم لڑکیوں کومومنہ بہنیں، بیوی اورماں بنادے•

تمام نوجوان لڑکےلڑکیوں کوعلم دے، فن وہنر دے • تکنیک وسائنس سےنواز دے• ملت کی حفاظت کی توفیق دے• ملت کی ترقی اوراتحاد کے لئے ان میں تڑپ دے ہمارےنوجوانوں کوذمہ دار بنااورذمہ داریوں کواٹھانے والابنادے•

حق کاعلم بردار بنادے، اسلام کامحافظ بنادے، ان کے وجودکو اسلام کے لئے مسلمانوں کے لئے مفید بنا

دے۔ ان کی جسمانی و ذہنی صلاحیتوں کو دوبالا کر دے۔ ان کی طاقت و قوت کو اسلام و مسلمانوں کی ترقی کے لئے متحد کر دے۔

اے اللہ! ہماری نوجوان نسل کو صالح اور نیک بنا، ایک بنا، ان کو اسلام کا جان نثار مجاہد بنا دے، ان کے معاملات درست کر دے، ان کے رشتے دین کے مطابق جوڑ دے۔ شر اور شیطان سے ان کے رشتوں کو توڑ دے۔ انہیں ملت کی آنکھوں کا تارہ بنا دے۔

## رشتہ داروں کے لئے دعاء:

اے اللہ! ہمارے بزرگوں کی مغفرت فرمادے' ان کی قبروں کو نور سے بھر دے۔

اے اللہ والدین پر خصوصی رحم کر' جو والدین بیمار ہیں انہیں صحت کاملہ عطا فرما۔ بیماریوں سے شفاء دے۔ ہمیں والدین کی خدمت کی توفیق دے۔ بھائیوں' بہنوں اور تمام رشتہ داروں میں آپس میں محبت دے۔ اتفاق واتحاد سے رہنے کی توفیق دے۔ خاندانوں کو ٹوٹنے سے بچادے۔ ہر خاندان کو خوشحال بنادے۔ اولاد کو والدین

کا سچا خادم بنا دے، والدین کو بچوں پر شفقت کی توفیق دے۔ زوجین کے درمیان محبت دے، ان کی اصلاح کر دے۔

## اجتماعیت کے لئے دعاء:

اے اللہ! ہماری زندگیوں کو اسلام کے لئے لگا دے، ہمیں دینِ اسلام کو سمجھنے کی توفیق دے، اسلامی شعور دے، اسلام کے لئے مرنے اور مٹنے کی توفیق دے ہمارے وجود کو اسلام کے لئے خیر بنا دے۔ اے اللہ! ہماری ملت کی حفاظت فرما۔ قرآن مجید و قبرستانوں کی

حفاظت فرمادے۔ اے اللہ! ہمارے مدرسوں اور تعلیمی اداروں کی حفاظت فرمادے۔

دشمنوں کے فتنوں اور مظالم سے بچادے۔ معصوم بچوں، عورتوں اور ضعیفوں کی حفاظت فرمادے۔ فسادات سے محفوظ رکھ۔ ہر مسلمان کی ہر خاندان اور معاشرہ کی اصلاح فرمادے۔ اسلامی جماعتوں اور مسلم سیاسی، معاشی اور تعلیمی اداروں کو مخلص بنادے۔ ان کی اصلاح فرما کر اسلام اور ملت کی خدمت کی توفیق دے۔

جماعتی، مسالکی، گروہی اور فکری اختلافات کو دور کر دے۔ ان میں اتحاد پیدا کر دے۔ ترقی اور اتحاد کی توفیق عنایت فرما۔ تمام اسلامی دینی مدارس اور اداروں

کی حفاظت فرما اور انہیں ملت اسلامی کی خدمت کی توفیق دے۔ منافقوں کو مسلمانوں کی صفوں سے دور کر دے، اکثریت اور کفر کے ایجنٹوں کو شکست فاش دیدے۔ اے اللہ! علماء سوء اور ملت کا سودا کرنے والے قائدین اور لیڈروں کا خاتمہ کر دے۔ جو لوگ ہماری صفوں میں اختلافات پیدا کر رہے اور ملت کو فروخت کر رہے ہیں ان کا خاتمہ کر دے۔ اے اللہ! ہمارے علماء کی اصلاح فرمادے، انہیں اصلاح معاشرہ، خدمت خلق، امر بالمعروف ونہی عن المنکر کی توفیق عطا فرما۔

ہمارے علماء وقائدین کو اسلام اور ملت کے لئے مخلصانہ جدوجہد وقربانیوں کی توفیق دے۔ انہیں خوددار

بنادے• بڑھتا ہوا کفاف اور کمیشن کھانے سے باز رکھ
• ملت کی امانتوں کا محافظ بنادے• ملت کے اموال کو
لوٹنے اور غبن کرنے والوں کو عہدوں سے ہٹادے اور ان
کی جگہ امین اور ذمہ دار علماء وقائدین کو فائز فرمادے•

ہمارے سیاسی قائدین کے کھیل سے علماء کی غفلت
سے دین داروں کی بے حسی سے ہمیں محفوظ رکھ• ان کو
نیک توفیق دے•

اے اللہ! مسلمانان عالم کے مسائل حل کردے اور
ان کے علاقوں اور ریاستوں میں امن وامان قائم کردے•
اے اللہ ہماری معصوم لڑکیوں اور عورتوں پر ظلم ہو رہا ہے
ہمارے نوجوانوں کو بے جا قتل کیا جارہا ہے ہمارے

نوجوان علماء، مفسرین، محدثین، فقہاء پر مظالم کے پہاڑ توڑے جا رہے ہیں۔ ان سب کو دشمنانِ اسلام کے خلاف کامیاب فرمادے۔ انہیں فتح ونصرت سے نواز دے۔

اے اللہ مریضوں کو تمام امراض سے شفاء کاملہ دے، قرضوں سے نجات دے۔ زندگی کی چیزوں کو سستی اور ہمارے لئے قابل خرید بنادے۔

اے اللہ مسلمانوں کو سائنسی علوم دے، سیاسی قوت دے، حکومت دے، طاقت دے، صبر وتوکل کے ساتھ باطل کے خلاف اٹھ کھڑے ہونے کی توفیق دے۔

ہمارے علاقوں سے اور سماج سے برائیوں کے
اڈوں کو نکال دے۔ ہمارے علاقوں کو اسلام کا بہترین
نمونہ بنادے' نورانی و روحانی خاندان و سماج بنادے۔

اے اللہ بھوک سے افلاس سے نجات دے' غذا کی'
پانی کی قلت کو دور کردے۔

ہماری کھیتیوں کو سیراب کردے' ہری بھری کھیتیاں
کردے۔ ترکاریوں اور اناج کی فصلوں سے کھیتوں کو بھر
دے' ہمارے باغوں کو پھل اور پھول سے بھردے۔
ہمارے تاجروں کی تجارت میں نفع پر نفع دے' سود سے بچا'
دھوکہ دہی اور خیانت سے بچادے ہمارے کارخانوں میں
خوب پیداوار دے۔ ہمارے مزدوروں کی مزدوری آسان

کردے، نوکریوں کو سہل بنادے، ڈاکٹروں کے ہاتھوں میں شفاء دے انجینئروں کو ہنر دے، سائنس دانوں کو ایجادات کے قابل بنادے۔

اسکولس اور کالجس سے برائیوں کا خاتمہ کر کے بہترین ذہین طلباء کو تعلیم وتربیت سے آراستہ کر کے فارغ کردے۔

خیر بھلائی وفلاح، خدمت خلق ودعوت الی اللہ کے کاموں کی توفیق عنایت فرما۔ اکرام مسلم واکرام علماء نصیب فرما۔ امراء وذمہ دارانِ جماعت کی قدر ومنزلت کرنے والا بنا۔

اے اللہ دین کے کام کرنے والوں کے کام کو قبول فرما۔ تقریر، واعظوں، دروس میں اثر دے ۔ اجتماعات اور ذکر و تذکیر کی محفلوں کو قبول کر۔ دعوتی و اصلاحی کارکنوں اور ذمہ داروں کے اپنے مسائل حل کر دے۔ ان کے لئے آسانیاں پیدا کر دے۔ انہیں تمام ضروریات مہیا فرما دے اور دولت دے۔ آلات، مشنری و سسٹم دے جس سے دین اللہ کا کام تیزی سے بروقت ہر جگہ پر کر سکیں۔

جن لوگوں نے تیرے دین کے لئے مالی، جانی، وقتی صلاحیتوں کی قربانیاں دی ہیں انہیں قبول فرمالے، ان کی مغفرت کر دے، جنتِ خلد میں مقام عنایت فرما۔

اے اللہ! آخرت میں ہمیں انبیاء، صدیقین، شہداء

کی صحبت عنایت فرما۔ اے اللہ! ولیوں، اماموں اور مجاہدین کے جھرمٹ میں پہنچا دے۔

"اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا وَذَكَرِنَا وَاُنْثَانَا"

اے اللہ ہمارے زندوں کی، مردوں کی، حاضر اور غائب، چھوٹے بڑے، مردوں اور عورتوں کی مغفرت فرما دے۔ اے اللہ ہماری موت اسلام پر فرما دے، ہمارا خاتمہ اسلام پر فرما دے۔ مرض موت آسان کر دے، سکرات آسان کر دے، موت کی تکلیفوں کو آسان کر دے۔ ہمیں مرتے وقت رحمتوں کے ساتھ فرشتوں کو نازل فرما اور ہماری موت کو موتِ مؤمن بنا دے اور سیدھے جنت نعیم میں پہنچا دے۔

## حق کی سربلندی کے لئے دعاء:

اے اللہ حق واہل حق کو غالب کر دے، حق کے چراغوں کو روشن کر دے، باطل کو تباہ وتاراج کر دے، کمزور کر دے، ذلیل وخوار کر دے۔

منافقوں اور دشمنانِ اسلام کو شکست دے انہیں کمزور کر دے، اسلام کو مسلمانوں کو غالب کر دے۔

مسلمان نوجوانوں، بڑوں، بچوں، عورتوں اور علماء وقائدین کو باطل کے خلاف متحد ہونے کی توفیق دے ۔ قربانی کا جذبہ عنایت کر۔ ساری دنیا میں عیسائی، یہودی،

ہنود کمیونسٹ متحد ہوگئے ہیں۔ ان سب کے خلاف اسلام کی مسلمانوں کی حق کی طاقت وقوت کو مضبوط بلند و بالا کر دے۔

## کفار کے لئے:

اے اللہ! کفار کے درمیان دعوت وتبلیغ کو آسان فرما دے۔ ان کو امن وشانتی برقرار رکھنے کی توفیق دے۔ کفار کو ایمان کی توفیق دے۔

کفار پر تیرے اور تمام ملائکہ وفرشتوں اور اہل ایمان کی لعنت برسا۔ ان پر تیری پھٹکار ہو۔ ان کی صفوں کو

منتشر کر دے۰ان کی قوت تو توڑ دے ۰ان کے گھر
وکاروبار برباد کر دے۰

ان کی سیاسی' معاشی قوت کا خاتمہ کر دے۰ ائمۂ کفر
کا خاتمہ فرما دے جنہوں نے ملت اسلامیہ کو مصیبتوں اور
مظالم میں گھیر رکھا ہے۰ ان کے اندر فتنہ وفساد پیدا کر دے
۰انہیں عذابوں اور بیماریوں میں مبتلا کر دے' ہلاک کر
دے۰

ان کی چالوں کو ناکام کر دے' ان کی افواج اور
پولس کو ناکارہ کر دے' انہیں ایسی ضرب لگا اور ایسی مار مار
دے جس سے وہ تباہ ہوجائیں۰ اسلام کو' مسلمانوں کو'
مساجد کو' مدارس کو' مسلم اداروں کو ان کے فتنوں سے محفوظ

رکھ۔

اے اللہ دنیا کے چپے چپے پر مسلمان پریشان ہیں مصیبت زدہ ہیں محروم ہیں مغلوب ہیں معتوب ہیں' مظلوم ہیں ۔ انہیں آزاد کر' انہیں ترقی یافتہ اقوام سے بڑھکر ترقی دے' انہیں کفار' یہود' نصاریٰ' ہنود اور تمام دشمنانِ اسلام' جو کھلے ہوں یا چھپے ہوں' سب کا مقابلہ کرنے اور اسلام و مسلمانوں کی حفاظت کرنے کی توفیق دے۔

رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ☆ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ☆

وَصَلَّ اللّٰهُ عَلٰى نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ الْأُمِّيِّ وَعَلٰى
آلِهِ وَاَصْحَابِهٖ وَاَتْبَاعِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا وَآخِرُ
دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ☆

## نوجوان نسل کے مطالعہ کے لئے
## ابوالعزم کے قلم سے تحریر کردہ تصانیف

| | |
|---|---|
| ★ اسلام میں غربت اور اس کا علاج | 60/- |
| ★ کتاب النکاح | 30/- |
| ★ تبرج (میک اپ) کے حدود | 15/- |
| ★ قاموس القرآن | 350/- |
| ● حصول علم حدیث کا دور تیسری صدی ہجری فقہ کے فنی پہلو | 12/- |
| ● عیسائیت اباحیت کے نرغے میں | 10/- |
| ● دعاء المسلم | 8/- |

★ New Crescent Publishing Company
2035, Qasim Jan Street, Ballimaran, Delhi - 6 Ph: 3262545
● Tolichowki, Hyderabad. Cell : 98490 18856